**29.09.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ محمد عمار

**Music**

-----------------------------

1- ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے 3 امرت بھارت ایکسپریس ٹرینوں سمیت 7 ریل گاڑیاں بہار کے لیے وقف کی ہیں۔

2- وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کثیر رُخی سیکورٹی خطرات سے نمٹنے کی خاطر مربوط خودکار نظام کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

3- مرکزی وزیر صحت جے پی نڈّا نے کہا ہے کہ پورے ملک میں'' سوستھ ناری سشکت پریوار'' مہم کے تحت 9 لاکھ سے زیادہ صحت کیمپوں کا انعقاد کیا گیا ہے۔

4- موسمیات محکمے نے آج سوراشٹر اور کچھ میں کہیں کہیں شدید سے لے کر بہت شدید بارش کے امکان کے مدنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

5- اور ویتنام میں Bualoi نام کے شدید طوفان میں کم از کم 11 افراد کی موت ہوئی ہے اور 17 لاپتہ بتائے گئے ہیں۔ سیکڑوں پروازیں منسوخ کرنا پڑی ہیں۔

.........................................................................

**MUSIC**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Vaishnaw Bihar Trains**

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو اور بہار کے نائب وزیراعلیٰ سمراٹ چودھری نے آج تین امرت بھارت ایکسپریس سمیت 7 ٹرینوں کو بہار کے نام وقف کیا۔ یہ تین امرت بھارت ایکسپریس ٹرینیں مظفر پور کو Charlapalli سے، دربھنگہ کو Madar جنکشن سے اور چھپرا کو آنند وہار ٹرمنل سے جوڑیں گی۔ ریلوے کے وزیر نے نئی دلی سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اِس تقریب میں شرکت کی، جبکہ نائب وزیراعلیٰ سمراٹ چودھری نے پٹنہ جنکشن سے ٹرینوں کو جھنڈی دکھائی۔ نوادہ، اسلام پور، بکسر اور جھاجھا جیسے اہم مقامات کو جوڑنے کیلئے چار نئی مسافر ٹرینیں بھی شروع کی گئی ہیں۔ تین نئی امرت۔بھارت ایکسپریس ٹرینوں کے آغاز سے ریاست کی کنکٹوٹی میں مزید بہتری آئے گی۔ یہ ترقی یافتہ بہار کے ذریعے ترقی یافتہ بھارت کے نظریے کو حقیقت بنانے کیلئے اہم قدم ہے۔

اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ریلویز پر نئے سرے سے

توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ خاص طور پر اُن ریاستوں میں جہاں ریلوے کی سہولتیں محدود ہیں۔انھوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کے ذریعے بہار میں زیرِ التوا ریلوے کے کئی پروجیکٹوں کو مکمل کیا گیا ہے۔ اسی طرح ریاست میں ایک لاکھ کروڑ روپے کی مالیت کے پروجیکٹوں کا کام جاری ہے۔ انھوں نے کہا کہ دیوالی اور چھٹھ پوجا کے دوران ریکارڈ تعداد میں 12 ہزار خصوصی ٹرینیں چلائی جائیں گی۔

**S/B : Ashwini SPL Train**

**Rjnath Commanders Conf**

وزیرِدفاع راجناتھ سنگھ نے داخلی اور خارجی دونوں طرح کے سیکورٹی چیلینجوں سے نمٹنے کے لیے حقیقی تیاری کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ وہ آج نئی دلّی میں انڈیا کوسٹ گارڈ کمانڈرس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ جناب راجناتھ سنگھ نے کہا کہ دفاعی افواج کو کثیر رُخی سیکورٹی خطرات سے نمٹنے کے لیے تیار رہنا چاہئے۔ انھوں نے اِس بات کو اُجاگر کیا کہ آج کے دور کے چیلنج کہیں زیادہ متحرک ہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ الیکٹرانک جنگی سازوسامان اب ایک حقیقت بن گیا ہے۔ x

**Nadda Conclave**

صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا نے کہا ہے کہ "سوستھ ناری، سشکت پریوار" مہم کے تحت پورے ملک میں اب تک 9 لاکھ سے زیادہ صحت سے متعلق کیمپوں کا اہتمام کیا گیا ہے۔ آج نئی دلّی میں ایک پرائیویٹ نیوز چینل کے زیر اہتمام صحت سے متعلق کنکلیو میں اظہار خیال کرتے ہوئے جناب نڈّا نے کہا کہ پہلے ہی 3 کروڑ 60 لاکھ سے زیادہ افراد کی جانچ کی جاچکی ہے اور 2 اکتوبر تک یہ تعداد 4 کروڑ سے بھی زیادہ ہوجانے کی امید ہے۔

وزیرِموصوف نے زور دے کر کہا کہ نریندرمودی سرکار کے دور میں صحت کے تعلق سے ملک کی حکمت عملی میں صرف علاج معالجے پر توجہ مرکوز کرنے کی بجائے ایک جامع اور مربوط ماڈل کے تحت کام کیا جارہا ہے اور اِس کے دائرے میں روک تھام، صحت مندی کو فروغ دینا، تشخیص اور علاج معالجے سے وابستہ دیکھ بھال شامل ہیں۔

**S-B Jagat Prakash Nada**

**Jitendra Aspirational District**

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ PMدھن دھانیہ کرشی یوجنا کے تحت جموں وکشمیر کے کشتواڑ ضلع کو اُمنگوں والا زرعی ضلع منتخب کیا گیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ اِس سے دور دراز کے علاقے میں زراعت کو فروغ حاصل ہوگا اور زراعت پر مبنی کام کرنے والے کاروباری افراد کی حوصلہ افزائی ہوگی۔ سرکار نے 2025-26 کے مرکزی بجٹ میں 6 سال کی مدت کے دوران اُمنگوں والے 100 زرعی ضلع بنانے کا اعلان کیا تھا۔ امید ہے کہ اگلے مہینے PM دھن دھانیہ کرشی یوجنا کا باضابطہ آغاز کیا جائے گا۔ 3 اہم اِشاریوں کی بنیاد پر امنگوں والے زرعی ضلعوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ اِن اِشاریوں میں کم فصل کی پیداوار، زرعی آراضی کا کم استعمال اور کم مدت کے قرضوں کی تقسیم کم ہونا شامل ہیں۔

**EC Central Observer**

بھارت کے انتخابی کمیشن نے بہار میں آئندہ اسمبلی انتخابات اور مختلف ریاستوں میں 8 اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخابات کے لیے مرکزی مشاہدین مقرر کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اِن مشاہدین میں عام، پولیس اور اخراجات کے مشاہدین شامل ہیں۔
320 آئی اے ایس اور 60 آئی پی ایس افسران سمیت کُل 470 افسران مرکزی مشاہدین کے طور پر تعینات کیے جائیں گے، تاکہ آزادانہ، منصفانہ اور شفاف انتخابات کو یقینی بنایا جا سکے۔ x

**Govt Milk Production**

گزشتہ 10 سال میں ملک میں دودھ کی پیداوار میں 63 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہوا ہے۔ اِس طرح یہ 14 کروڑ 60 لاکھ ٹن سے بڑھ کر 23 کروڑ 90 لاکھ ٹن ہوگئی ہے۔ عالمی سطح پر دودھ کی پیداوار کے لحاظ سے بھارت بدستور اوّل مقام پر ہے اور دنیا میں دودھ کی تقریباً ایک چوتھائی سپلائی بھارت میں ہوتی ہے۔ ماہی پروری، مویشی پروری اور ڈیری محکمے کی وزارت کے مطابق سردست ملک کی معیشت میں ڈیری محکمے کی حصے داری 5 فیصد ہے اور سیدھے طور پر آٹھ کروڑ سے زیادہ کسانوں کو روزگار مل رہا ہے۔ گزشتہ دہائی کے دوران ملک میں دودھ کی فی کس دستیابی میں بھی تیزی کے ساتھ اضافہ ہوا ہے۔
سال 2023-24 میں دودھ کی فی کس دستیابی میں 48 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہوا اور یہ 471 گرام فی کس یومیہ تک پہنچ گئی، جو عالمی اوسط سے کہیں زیادہ ہے۔ عالمی سطح پر دودھ کی یومیہ فی کس دستیابی تقریباً 322 گرام ہے۔x

**IMD Weather**

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے سوراشٹر، کچھ، گجرات، کونکن، گوا اور وسطی مہاراشٹر میں آج کہیں کہیں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا کہ اگلے دو سے تین روز کے دوران انڈمان و نکوبار جزائر، چھتیس گڑھ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ کے کچھ حصوں میں ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔x

**Agarthala Durga Puja**

تریپورہ میں درگا پوجا کے آغاز کے ساتھ ہی تقریبات کا سلسلہ زور و شور سے شروع ہوگیا ہے۔ راجدھانی اگرتلہ میں پنڈالوں میں الگ الگ سائز اور ڈیزائن کی دیوی درگا کی مورتیاں لگائی گئی ہیں، جہاں بنگالی لوگوں کی آبادی زیادہ ہے۔ کولکاتہ کے بعد اگرتلہ شہر میں درگا پوجا بڑے پیمانے پر منائی جاتی ہے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V-C Aditya**

**Typhoon Bualoi Vietnam**

ویتنام میں Bualoi نام کے شدید آندھی طوفان سے بہت زیادہ نقصان ہوا ہے۔11 افراد کی موت ہوئی ہے، جبکہ 17 لوگ لاپتہ ہیں۔33 لوگ زخمی بھی ہوئے ہیں۔ ویتنام کی موسمیاتی ایجنسی کے مطابق یہ طوفان آج صبح سویرے وہاں پہنچنے سے قبل ملک کے شمالی وسطی ساحلی علاقوں کی جانب بڑھ گیا تھا۔ اِس کی وجہ سے سمندر میں 8 میٹر کی بلندی تک لہریں اُٹھنے کی اطلاع ملی ہے۔

قدرتی آفات کی صورت میں کام کرنے والی ویتنام کی ایجنسی کے مطابق ماہی گیروں کی دو کشتیوں کے اونچی لہروں کی زد میں آنے کے بعد سے 17 ماہی گیر لاپتہ بتائے گئے ہیں، جبکہ شدید طوفان کے دوران ماہی گیروں کی ایک اور کشتی کا رابطہ منقطع ہوگیا۔ وہاں کی سرکار نے 28 ہزار 500 سے زیادہ افراد کو دیگر مقامات پر منتقل کیا ہے، سیکڑوں پروازیں یا تو منسوخ کی گئی ہیں، یا اُن میں تاخیر ہوئی ہے اور وسطی صوبوں میں چار ہوائی اڈّے بند کردیئے گئے ہیں۔x

**Bangladesh Killed**

بنگلہ دیش میں کل Khagrachahari میں ایک نسلی اقلیتی گروپ کی ایک اسکولی طالبہ کی اجتماعی آبروزی کے معاملے پر احتجاج کے دوران تشدد پھر سے پھوٹ پڑا۔ کم از کم 3 افراد کو گولی مار کر ہلاک کردیا گیا۔ مقامی اطلاعات کے مطابق ہزاروں مظاہرین ملزم کو گرفتار کرنے اور اِنصاف کا مطالبہ کرتے ہوئے پہاڑی ضلع میں اکٹھا ہوگئے تھے۔ یہ احتجاج اس وقت تشدد کی شکل اختیار کرگیا، جب جھڑپیں ہونے لگیں اور سیکورٹی فورسز کو گولی چلانا پڑی۔ نسلی طبقے کے 3 افراد مارے گئے اور کئی زخمی ہوئے۔ حکام نے صورتحال کشیدہ ہونے کے تناظر میں Khagrachahari میں اضافی فورسز کو تعینات کردیا ہے۔x

**Bangladesh Killed**

بنگلہ دیش میں کل Khagrachahari میں ایک نسلی اقلیتی گروپ کی ایک اسکولی طالبہ کی اجتماعی آبروزی کے معاملے پر احتجاج کے دوران تشدد پھر سے پھوٹ پڑا۔ کم از کم 3 افراد کو گولی مار کر ہلاک کردیا گیا۔ مقامی اطلاعات کے مطابق ہزاروں مظاہرین ملزم کو گرفتار کرنے اور اِنصاف کا مطالبہ کرتے ہوئے پہاڑی ضلع میں اکٹھا ہوگئے تھے۔ یہ احتجاج اس وقت تشدد کی شکل اختیار کرگیا، جب جھڑپیں ہونے لگیں اور سیکورٹی فورسز کو گولی چلانا پڑی۔ نسلی طبقے کے 3 افراد مارے گئے اور کئی زخمی ہوئے۔ حکام نے صورتحال کشیدہ ہونے کے تناظر میں Khagrachahari میں اضافی فورسز کو تعینات کردیا ہے۔x

**US Sancation Reactivation**

اقوامِ متحدہ نے ایران کے خلاف بندشیں دوبارہ نافذ کر دی ہیں۔ یہ بندشیں اُن 43 افراد اور 78 کمپنیوں پر عائد کی گئی ہیں، جن پر سلامتی کونسل کی قرار داد 737 کے پہلے بندشیں لگائی گئی تھیں۔ یہ قدم فرانس، برطانیہ اور جرمنی کی طرف سے بندشیں عائد کرنے کے مطالبہ کے بعد اُٹھایا گیا ہے، جس کے تحت 2015 کے نیوکلیائی معاہدے کی، ایران کی طرف سے مبینہ خلاف ورزیوں کے 30 دن کے اندر-اندر بندشیں لاگو کی جاتی ہیں۔ اِس معاہدے کو کارروائی سے متعلق مشترکہ جامع منصوبہ JCPOA کہا گیا ہے۔ ×

**SHOOTING**

نشانے بازی میں، بھارت کی انوشکا ٹھاکر نے دلی کی ''کرنی سنگھ شوٹنگ رینج'' میں منعقدہ ISSF جونیئر ورلڈ کپ میں خواتین کے 50 میٹر رائفل تھری پوزیشنز مقابلے میں، سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ اِس مقابلے میں انوشکا کا یہ دوسرا سونے کا تمغہ ہے۔ اِس سے پہلے انھوں نے 50 میٹر رائفل Prone مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا تھا۔

بھارت کے Adriyan کرماکر نے، مردوں کے 50 میٹر کے جونیئر رائفل تھری پوزیشن مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتا۔ سرِدست بھارت، سونے کے چار، چاندی کے چھ اور کانسے کے تین تمغے حاصل کرکے اِس مقابلے میں سرفہرست ہے۔×

**PM - Delhi BJP Office.**

وزیر اعظم نریندر مودی آج دین دیال اُپادھیائے مارگ پر دلّی BJP کے نئے دفتر کا افتتاح کریں گے۔ یہ افتتاح نوراتری تقریبات کے دوران کرایا جا رہا ہے۔دلّی BJP کے سربراہ وِریندر سچدیوا نے کہا کہ یہ محض کام کاج کی جگہ نہیں، بلکہ یہ اقدار کا مرکز ہے، جہاں کارکنوں میں پارٹی کے کلچر اور جذبے کو پروان چڑھایا جاتا ہے۔ انہوں نے اِس افتتاحی تقریب کو دلّی میں پارٹی کے سفر میں ایک تاریخی لمحہ قرار دیا۔افتتاح کی تقریب کے دوران BJP کے قومی صدر جگت پرکاش نڈّا، دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا، سینئر رہنماء، ارکانِ پارلیمنٹ، قانون ساز اسمبلی کے ارکان، کاؤنسلرز، مرکزی وزراء اور پارٹی کے ہزاروں کارکن موجود ہوں گے۔×

**V-C Aditya**

پورے اگرتلہ شہر اور تریپورہ کے دیگر مقامات پر مندروں اور پنڈالوں میں کل شام ایک خصوصی رسم بودھن کے ذریعے ''درگا مائی کی جے'' کے جاپ کے ساتھ دیوی درگا کی مورتیوں کی نقاب کشائی کی گئی۔ بودھن، ماں درگا کے زمین پر اترنے کی عکاسی کرتی ہے۔ آج مہا سپتمی کے موقع پر صبح سویرے مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ رسومات کا آغاز ہوا ۔

**1400 Durga Mantara Music 15 Sec**

ہر عمر کے لوگ مہی شا سُر مردنی کا آشرواد حاصل کرنے کے لیے بڑی تعداد میں پنڈالوں میں پہنچ رہے ہیں۔
راجدھانی کی سڑکوں کو روشنی سے سجایا گیا ہے۔
اگرتلہ سے کُنال شِندے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں۔۔۔